Pakistan Studies - ICOM Part 2 Pak Studies Urdu Medium Chapter 3 Short Questions Test

Q1. چیف آفیسر کیا فرائض سر انجام دیتا ہے.

Ans 1: چیف آفیسر سینئر سرکاری ملازم ہوتا ہے جو تمام محکموں کی نگرانی کرتا اور ان میں رابطہ قائم رکھتا ہے.

Q2. آزاد کشمیر میں صدر کی حیثیت کیا ہے.

Ans 1: صدر آزاد جموں و کشمیر کا ائینی سربراہ ہوتا ہے جس کا انتخاب کشمیر قانون ساز اسمبلی پانچ سال کے لیے کرتی ہے.

Q3. قومی سلامتی کونسل سے کیا مراد ہے.

Ans 1: قومی سلامتی کونسل کی صدارت وزیراعظم کرتا ہے جو تمام ملک بشمول صوبوں کی سلامتی کے معاملات دیھکتی ہے اور ملکی سلامتی کی پالیسیاں مرتب کرتی ہے جس پر عمل درآمد کرنا وفاقی اور صوبائی حکومتوں پر لازم ہوتا ہے

Q4. 1973 آئین کے تحت وفاقی کے تین فرائض تحریر کریں.

Ans 1: 1- وفاق کے تمام فرائض وزیراعظم اور اس کی کابینہ کے زریعے انجام پاتے ہیں. 2- وفاق ملکی معیشت کو بحال کرتا اور ٹیکس عائد کرتا ہے. 3- وفاق اندرونی و بیرونی تجارت کو منظم کرتا ہے.

Q5. مقامی حکومتوں کے مختلف درجات کا ڈھانچا تحریر کریں-

Ans 1: 1- ویلیج بیبرہڈ یونین کونسل 2- ضلع کونسل یا تحصیل کونسل 3- چیف آفیسر

Q6. کشمیر کونسل کے ممبران کی تعداد بتائیں.

Ans 1: کشمیر کونسل کے ارکان کی تعداد 14 ہے.

Q7. کشمیر کونسل کے ارکان کی تعداد بتائیں-

Ans 1: کشمیر کونسل ریاست کا سب سے اعلی ادارہ ہے جس کے 14 ارکان ہوتے ہیں- جس میں 8 ارکان آزاد جموں و کشمیر سے ہوتے ہیں اور 6 ارکان حکومت پاکستان کے نمائندے ہوتے ہیں- آزاد جموں کشمیر کے ارکان وہاں کے صدر، وزیراعظم اور کشمیر قانون ساز اسمبلی کے 6 ارکان شامل ہوتے ہیں- اس کا چئر مین ، وزیراعظم پاکستان ہوتا ہے- کونسل کو آزا جموں کشمیر کے اعلی انتظامی اختیارت حاصل ہوتے ہیں-

Q8. مقامی حکومتیں کب قائم ہوئیں-

Ans 1: اگست 2001 مین صدارتی حکم کے تحت مقامی حکومتیں قائم کی گئی اور سیاسی ، انتظامی، و معاشی اختیارات مقامی حکومتوں کو منتقل کیے گئے تاکہ عام شہری کو ضروری خدمات کے ضمن میں با اختیار بنایا جائے.

Q9. گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی پر مختصر نوٹ تحریر کریں-

Ans 1: گلگت بلتستان کی قانون ساز اسمبلی ایک ایوان پر مشتمل ہے اور اس کے 33 ارکان ہیں- جن میں 24 براہ راست منتخب کردہ ، 6 خواتین اور 3 ٹیکنوکریٹ ہوتے ہیں- قانون ساز اسمبلی اپنے ارکان میں سے وزیراعلی ، سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کا انتخاب کرتی ہے اور ریاست سے متعلق ہر قسم کی قانون سازی کرتی ہے.

Q10. گلگت بلتستان کونسل کا چئرمین کون ہوتا ہے .

Ans 1: گلگت بلتستان کونسل کا چئیر مین وزیراعظم پاکستان ہوتا ہے.